تہران میں ڈاکٹر تقیؔ عابدی کی کلیّاتِ غالبؔ فارسی کی تقاریب

''سازمان فرہنگ وہنر کے جلسہ میں سفیر بھارت اور پاکستان نے کتاب کی رونمائی کی''

(خصوصی رپورٹ)

تہران کی معروف پبلشر کے کمپنی چیرمین ڈاکٹر امیری نے ڈاکٹر سید تقیؔ عابدی مقیم کینیڈا کی تحقیق، تدوین اور مرتبہ شاہکار کتاب ''کلیّاتِ غالبؔ فارسی'' کو ایران میں پہلی بار بڑی تعداد میں شائع کیا۔ ڈاکٹر تقیؔ عابدی کی مرتبہ کلیّات غالبؔ فارسی کو ۲۰۰۸ میں غالبؔ انسٹی ٹیوٹ دہلی نے بڑے خاص طریقہ پر شائع کیا ہے۔ اِس کلیّات میں تقیؔ عابدی کا غالبؔ کی فارسی شاعری پر بسیط اُردو مقدمہ بھی شامل ہے۔ امیری پبلشر نے کلیّات میں موجود مقدمہ اور دوسری اُردو تحریریوں کو فارسی میں ترجمہ کر کے کلیّاتِ غالبؔ ایک ہی جلد کے (۹۰۰) صفحات پر بڑے دیدہ زیب طریقہ پر شائع کیا ہے۔ اس کتاب کی رونمائی وزارت فرہنگ وہنر کی سرپرستی میں پاکستان اور بھارت کے سفیروں نے انجام دی۔ ایران میں موجود ماہر غالبیات استاد محمد حسن ہائری جن کی دو کتابیں دیوان غزلیات غالبؔ اور سومنات خیال (قصائد غالبؔ) منظر عام پر آچکیں ہیں، ڈاکٹر عابدی کی تدوینی کلیات فارسی اور اس کے بسیط مقدمہ پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اس عظیم اور عمدہ کام سے غالبؔ شناسی کی راہیں مکمل طور پر کُھل چکیں ہیں۔ مقدمہ میں ڈاکٹر عابدی نے غالبؔ کے کلام اور فن کے ہر زاویہ پر روشنی ڈالی ہے۔ انھوں نے اس کتاب کو غالبؔ کی فارسی شاعری کی تفہیم کا سنگ میل قرار دیا۔ ڈاکٹر ہائری نے اپنی عالمانہ گفتگو میں غالبؔ دہلوی کی شخصیت اور شاعری پر بھی عمدہ مقالہ پڑھا جسے بہت سراہا گیا۔